Roll No..

Total No. of Questions : **12**] [*Total No. of Printed Pages* : **8**

A-233

B.A. (Part-II) Examination, 2022

URDU

Paper–I

(Prose and Poetry

*Time : **3 Hours***] [*Maximum Marks : **100***

SECTION–A

Note : Answer all ten questions (Answer limit 50 words). Each question carries 2 marks. **(2 × 10 = 20)**

(حصہ-الف)

سبھی 10 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 50 الفاظ سے زیادہ نہ ہو) ہر سوال کے 2 نمبر ہیں۔

SECTION–B

Note : Answer any five questions out of seven (Answer limit 200 words). Each question carries 8 marks. **(8 × 5 = 40)**

(حصہ-ب)

7 میں سے کن ہی 5 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 200 الفاظ سے زیادہ نہ ہو)ہر سوال کے 8 نمبر ہیں۔

SECTION–C

Note : Answer any two questions out of four (Answer limit 500 words). Each question carries 20 marks. **(20 × 2 = 40)**

(حصہ-ج)

4 میں سے کن ہی 2 سوالوں کے جواب دیجئے۔(جواب 500 الفاظ سے زیادہ نہ ہو)ہر سوال کے 20 نمبر ہیں۔

SECTION–A

(حصہ-الف)

1 مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات زیادہ سے زیادہ 50 الفاظ میں تحریر کیجئے۔ تمام مختصر سوالات کے نمبر برابر ہیں۔

(i) پطرس بخاری کا پورا نام تحریر کیجئے۔

(ii) سبق ''گذشتہ لکھنؤ'' کے مصنف کا نام لکھئے۔

(iii) ''شیخ پیرو'' کس سبق کا کردار ہے؟

(iv) قصیدہ کے اجزائے ترکیبی کے نام لکھئے۔

(v) ذوقؔ کا سن پیدائش کیا ہے؟

(vi) میر انیسؔ کے والد کا نام لکھئے۔

(vii) غزل کے لغوی معنی تحریر کیجئے۔

(viii) ''مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ'' سبق کے کوئی دو دوستوں کے نام لکھئے۔

(ix) مومنؔ کا کوئی مشہور شعر لکھئے۔

(x) ناسخؔ کا کس دبستان سے تعلق تھا؟

SECTION–B

(حصہ-ب)

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں سے کوئی پانچ (5) سوالوں کے جواب دیجئے۔ ہر سوال کا جواب 200 الفاظ میں تحریر کیجئے۔

2 مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک اقتباس کی تشریح مع سیاق وسباق کیجئے:

(الف)

زندہ ہیں ایسی بہت اللہ کی بندیاں، جو آنکھوں میں رہیں، چاؤ چونچلوں سے پایں، وہ ساری اللہ

والی میکے ہی تک تھی۔ ظالم شوہروں کے دل پتھر اور سخت ہاتھوں نے کنوار پنے کے ساتھ ہی دنیا کی بہار ختم کردی۔ جو نگاہ محبت بھری معلوم ہوتی تھی، زہر میں بجھی نکلی۔ جس دم سے قبر تک ساتھ دینے کی امیدیں تھیں، توتے کس طرح دیدے بدل گیا۔

(ب)

ہماری زندگی ایک آئینہ خانہ ہے۔ یہاں ہر چہرے کا عکس بہ یک وقت سیکڑوں آئینوں میں پڑنے لگتا ہے۔ اگر ایک چہرے پر بھی غبار آجائے گا، تو سیکڑوں چہرے غبار آلود ہو جائیں گے۔ ہم میں سے ہر فرد کی زندگی محض ایک انفرادی واقعہ نہیں ہے، وہ پورے مجموع کا حادثہ ہے۔ دریا کی سطح پر ایک لہر تنہا اٹھتی ہے، لیکن اسی لہر سے بے شمار لہریں بنتی چلی جاتی ہیں۔ یہاں ہماری کوئی بات بھی صرف ہماری نہیں ہوتی۔ ہم جو کچھ اپنے لئے کرتے ہیں اس میں بھی دوسروں کا حصہ ہوتا ہے۔

3 مندرجہ ذیل اشعار میں سے صرف چار اشعار کی تشریح شاعر کے حوالے کے ساتھ کیجئے:

(i) تجھی کو جو یاں جلوہ فرما نہ دیکھا

برابر ہے دنیا کو دیکھا نہ دیکھا

(ii) کام مردوں کے جو ہیں سو وہی کر جاتے ہیں

جان سے اپنے جو کوئی کہ گزر جاتے ہیں

(iii) مرا سینہ ہے مشرق آفتابِ داغِ ہجراں کا

طلوعِ صبح محشر چاک ہے میرے گریباں کا

(iv) ہم صفیر اس باغ کی کیسی ہوا ناساز ہے

طائرِ رنَ ِ چمن تک مائلِ پرواز ہے

(v) تم مرے پاس ہوتے ہو گویا

جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا

(vi) ناوک انداز جدھر دیدۂ جاناں ہوں گے

نیم بسمل کئی ہوں گے کئی بیجاں ہوں گے

(vii) ہم کو بہار میں سرِ گلستاں نہ تھا

یعنی خزاں سے پہلے ہی دل شاد ماں نہ تھا

(viii) جی ڈھونڈتا ہے بزم طرب میں انہیں مگر

وہ آئے انجمن میں تو پھر انجمن کہاں

4 مندرجہ ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک اقتباس کی تشریح سیاق وسباق کے ساتھ کیجئے:

(الف)

واہ واہ کیا معتدل ہے باغ عالم کی ہوا

مثلِ نبض صاحب صحت ہے ہے ہر موجِ صبا

بھرتی ہے کیا کیا مسیحائی کا دم بادِ بہار

بن گیا گلزارِ عالم رشک صد دارالشفاء

ہے گلوں کے حق میں شبنم مرہم زخم جگر

شاخ بشکستہ کو ہے باراں کا قطرہ مومیا

(ب)

ماجراِ صبحِ شہادت کا بیاں کرتا ہوں
رنج و اندوہ و مصیبت کا بیاں کرتا ہوں
تشنہ کاموں کی شہادت کا بیاں کرتا ہوں
جاں نثاروں کی اطاعت کا بیاں کرتا ہوں
جن کا ہمتا نہیں ایک ایک مصاحب ایسا
ایسے بندے نہ کبھی ہوں گے نہ صاحب ایسا

5 مومنؔ کی غزل گوئی کی خصوصیات مع مثال تحریر کیجئے۔

6 قصیدہ کی تعریف بتاتے ہوئے قصیدہ کے اجزاء کا جائزہ لیجئے۔

7 سبق ''مظلوم کی فریاد'' کا خلاصہ لکھئے۔

8 فرحت اللہ بیگ کی نثر نگاری پر روشنی ڈالئے۔

SECTION–C

(حصہ-ج)

ہدایت: مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف 2 کے جواب 500 الفاظ میں تحریر کیجیے۔

9 مرثیہ کی تعریف اور آغاز وارتقاء کا جائزہ پیش کیجیے۔

10 ناسخ کی غزل گوئی کی خوبیاں مع مثال تحریر کیجیے۔

11 ذوق کی قصیدہ نگاری پر اظہار خیال کیجیے۔

12 انیس کی مرثیہ گوئی کا تفصیلی تجزیہ پیش کیجیے۔